# یہ آپ کے بارے میں ہے

Ontario's Child and Family Services Law (اونٹاریو کا بچوں اور خاندان سے متعلق خدمات کا قانون) کے تحت آپ کی فائل اور آپ کے حقوق

Information and Privacy Commissioner of Ontario
Commissaire à l'information et à la protection de la vie privée de l'Ontario





جنوری 1، 2020 کے بعد سے، اگر آپ یا آپ کے خاندان نے بچوں کی امداد والی کسی سوسائٹی، گروپ ہوم، یا اونٹاریو میں بچوں اور خاندان سے متعلق خدمت فراہم کرنے والے دیگر اداروں سے مدد یا تعاون موصول کیا ہے تو آپ کے پاس اپنی فائل میں درج اپنی ذاتی معلومات کو دیکھنے اور ان میں اصلاحات کی درخواست کرنے کا حق حاصل ہے۔

اونٹاریو کے بچوں اور خاندان کی خدمات کے قانون کے تحت، خدمت فراہم کنندگان کو لازماً آپ کو بتانا چاہیے کہ کس طرح آپ کی ذاتی معلومات کا استعمال کیا جائے گا اور یہ کہ کس طرح وہ انہیں شیئر کر سکتے ہیں۔ انہیں لازماً اس بات کو بھی یقینی بنانا چاہیے کہ کوئی بھی ذاتی معلومات جو وہ آپ سے حاصل کرتے ہیں وہ صیغۂ راز میں رہیں اور آپ کو یہ بتانا چاہیے کہ آیا وہ گم ہو گئی ہیں، انہیں شیئر کیا گیا ہے، وہ چوری ہو گئی ہیں یا انہیں اس وقت دیکھا گیا ہے جبکہ اسے نہیں دیکھا جانا چاہیے تھا۔



**Information and Privacy Commissioner of Ontario (اونٹاریو کا معلومات اور رازداری سے متعلق کمشنر) کیا کرتا ہے؟**

ہمارا آفس اس بات کو یقینی بناتا ہے کہ بچوں کی مدد سے متعلق سوسائٹیاں، گروپ ہومز، اور دیگر خدمت فراہم کنندگان اونٹاریوں کے بچوں اور خاندان کی خدمات سے متعلق قانون کے تحت ذاتی معلومات کے تحفظ کے ضابطوں کی تعمیل کرتے ہیں اور ان تک رسائی فراہم کرتے ہیں۔ مدد کے لیے ہمیں فون یا ای میل کریں۔اتصل بنا أو راسلنا بالبريد الإلكتروني لطلب المساعدة.

Information and Privacy Commissioner of Ontario
Commissaire à l'information et à la protection de la vie privée de l'Ontario

2 Bloor Street East, Suite 1400
Toronto, Ontario, Canada M4W 1A8
فون: 1-800-387-0073 / 416-326-3333
TDD/TTY: 416-325-7539

www.ipc.on.ca
info@ipc.on.ca

ستمبر 2019



کوئی شکایت درج کرانے کے بارے میں مزید جانیں اور عام طور پر پوچھے جانے والے سوالوں کے جواب www.ipc.on.caپر حاصل کریں۔

InformationandPrivacyCommissionerofOntario

@IPCinfoprivacy

York Region CAS میں کس سے بات کریں اگر آپ چاہتے ہوں:

- رازداری کے بارے میں اپنے حقوق کے بارے میں پوچھنا
- رسائی یا اصلاح کی درخواست کرنا
- کوئی شکایت درج کرانا

آپ York Region Children's Aid Society کو privacy.officer@yorkcas.org پر ای میل کر کے پرائیویسی آفیسر سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

مزید معلومات کے لیے، براہ کرم ہمارا Notice of Information Practices (معلومات سے متعلق معمولات کی اطلاع نامے) ملاحظہ کریں جو کہ ہماری ویب سائٹ www.yorkcas.org پر دستیاب ہے یا ہمارے کسی دفتر سے کوئی مطبوعہ کاپی حاصل کر لیں۔

## معلومات غلط ہیں یا میری فائل سے غائب ہیں تو میں اس کا تعین کس طرح کروں گا؟

خدمت فراہم کنندہ کو تحریر لکھ کر ٹھیک کرنے کی درخواست کریں۔ کچھ خدمت فراہم کنندگان کے پاس کوئی فارم ہو سکتا ہے جن کا آپ استعمال کر سکتے ہیں۔ انہیں بتائیں کہ کیا غلط ہے یا غائب ہے اور مسئلہ کے حل کے لیے ضروری معلومات انہیں ضرور فراہم کریں۔ اپنی فائل میں ذاتی معلومات کی کسی اصلاح کی درخواست کرنا مفت ہے۔

## اگر مجھے معلومات موصول نہیں ہوتی ہیں یا جن تبدیلیوں کی میں نے درخواست دی ہے وہ نہیں کی جاتی ہیں تو میں کیا کر سکتا ہوں؟

اگر کوئی خدمت فراہم کنندہ آپ کی فائل میں درج آپ کی ذاتی معلومات دیکھنے نہیں دیتا ہے یا ان میں اصلاحات نہیں کرتا ہے تو انہیں تحریری شکل میں وجہ بتانا ہوگا۔ انہیں یہ بھی بتانا چاہیے کہ آیا آپ جس چیز کی درخواست دے رہے ہیں اس میں 30 دنوں سے زیادہ لمبا وقت لگے گا۔

اگر آپ معلومات نہ دینے یا مطلوبہ تبدیلیاں نہ کرنے کے ان اسباب سے متفق نہیں ہیں جو انہوں نے ذکر کی ہیں تو آپ خدمت فراہم کنندہ سے رابطہ کر سکتے ہیں۔ وہ کوئی حل نکالنے کے لیے آپ کے ساتھ مل کر باہم کام کر سکتے ہیں۔ اگر آپ کو اب بھی مسائل ہیں تو آپ خدمت فراہم کنندہ کے بارے میں کوئی شکایت درج کرانے کے لیے Information and Privacy Commissioner of Ontario (انفارمیشن اینڈ پرائیویسی کمشنر آف اونٹاریو) سے رابطہ کر سکتے ہیں۔ آپ www.ipc.on.ca پر کوئی شکایت فارم پُر کر سکتے ہیں۔

## اگر مجھے پتہ چلتا ہے کہ میری ذاتی معلومات استعمال کی گئی ہیں، چوری ہو گئی ہیں، یا میری اجازت کے بغیر شیئر کی گئی ہیں تو ایسی صورت میں کیا ہوگا؟

آپ کے خدمت فراہم کنندہ کو بتانا ہوگا کہ وہ معلومات جو ان کے پاس آپ سے متعلق موجود ہیں وہ کھو گئی ہیں، شیئر کی گئی ہیں، چوری ہو گئی ہیں یا انہیں اس وقت دیکھا گیا ہے جبکہ نہیں دیکھا جانا چاہیے تھا۔ انہیں تحریری شکل میں بتانا ہوگا کہ کیا ہوا تھا اور وہ لوگ اس مسئلہ کے ازالہ کے لیے کیا کر رہے ہیں، اور اگر آپ کے پاس سوالات ہوں تو کس سے رابطہ کیا جائے۔ ان کے لیے آپ کو یہ بتانا بھی ضروری ہے کہ آپ کس طرح Information and Privacy Commissioner of Ontario کے یہاں کوئی شکایت درج کرا سکتے ہیں۔

## قبل اس کے کہ میں اپنی فائل میں اپنی ذاتی معلومات دیکھنے کی درخواست کر سکوں، کیا میرے لیے 18 برس کا ہونا ضروری ہے؟

کسی بھی عمر کے لوگ اپنی فائل میں درج ذاتی معلومات دیکھنے اور ان میں اصلاحات کرنے کی درخواست کر سکتے ہیں۔

آپ اپنی فائل میں درج اپنی ذاتی معلومات کی کوئی نقل دیکھنے اور حاصل کرنے کی درخواست کر سکتے ہیں۔ یہ آپ کے کوائف یا آپ کی صحت سے متعلق معلومات یا سماجی کارکن یا دیگر پیشہ ور کے ساتھ آپ کی گفتگو کی بنیاد پر تیار کردہ اطلاع نامے پر مشتمل ہو سکتی ہیں۔ آپ کے خدمت فراہم کنندہ کو لازماً یہ معلومات حاصل کرنے میں آپ کی مدد کرنی چاہیے اگر آپ درخواست کرتے ہیں۔

## میں کس طرح کی معلومات کی درخواست کر سکتا ہوں؟

ان ضابطوں کا اطلاق ایڈاپشن (گود لینے) کے ریکارڈز پر نہیں ہوتا ہے۔ اپنے اونٹاریو ایڈاپشن ریکارڈز حاصل کرنے کے بارے میں مزید معلومات کے لیے 1-800-461-2156 پر کال کریں۔

## اس پر کتنا صرفہ آتا ہے اور اس میں کتنا وقت لگے گا؟

اپنی معلومات کی کوئی نقل (کاپی) طلب کرنا مفت ہے۔ بیشتر حالات میں، خدمت فراہم کنندگان کو لازمی طور پر 30 دنوں کے اندر آپ کو جواب فراہم کر دینا چاہیے۔

## کیا مجھے وہ معلومات موصول ہوں گی جن کی میں درخواست کروں گا؟ کیا میں کسی نقل (کاپی) کی درخواست کر سکتا ہوں؟

بعض اوقات ہو سکتا ہے خدمت فراہم کنندہ آپ کو وہ تمام معلومات فراہم کرنے کے قابل نہ ہو جن کی آپ درخواست کرتے ہیں۔ اس کی وجہ یہ ہو سکتی ہے کہ از روئے قانون اس کی اجازت نہ ہو۔ جب کوئی خدمت فراہم کنندہ آپ کو وہ تمام معلومات فراہم نہیں کرتا ہے جن کی آپ نے درخواست کی ہے تو انہیں اس کی وجہ بتانی ہوگی۔ اگر خدمت فراہم کنندہ آپ کی فائل میں موجود ہر چیز نہیں دکھا سکتا تو بھی یہ ان کے لیے کافی نہیں ہے کہ اس میں کیا موجود رہے گا مختصر خلاصہ پیش کرے گا۔ انہیں لازمی طور پر آپ کو آپ کی فائل تک رسائی فراہم کرنی چاہیے اور اگر آپ کوئی نقل (کاپی) طلب کرتے ہیں تو اس کی ایک نقل۔